روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 24 ستمبر 2008ء 23 رمضان 1429 ہجری 24 تبوک 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 220

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

ایک شخص کا سوال حضرت صاحب کی خدمت میں پیش ہوا کہ روزہ دار کو آئینہ دیکھنا جائز ہے یا نہیں؟ **فرمایا:** جائز ہے۔

اسی شخص کا ایک اور سوال پیش ہوا کہ حالت روزہ میں سر کو یا داڑھی کو تیل لگانا جائز ہے یا نہیں؟ **فرمایا:** جائز ہے۔

اسی شخص کا ایک اور سوال پیش ہوا کہ روزہ دار کی آنکھ بیمار ہو تو اس میں دوائی ڈالنی جائز ہے یا نہیں؟ **فرمایا:** یہ سوال ہی غلط ہے۔ بیمار کے واسطے روزہ رکھنے کا حکم نہیں۔

اسی شخص کا یہ سوال پیش ہوا کہ جو شخص روزہ رکھنے کے قابل نہ ہو۔ اس کے عوض مسکین کو کھانا کھلانا چاہئے۔ اس کھانے کی رقم قادیان کے یتیم فنڈ میں بھیجنا جائز ہے یا نہیں؟ **فرمایا** ایک ہی بات ہے خواہ اپنے شہر میں کسی مسکین کو کھلائے یا یتیم اور مسکین فنڈ میں بھیج دے۔

سوال پیش ہوا کہ روزہ دار کو خوشبو لگانا جائز ہے یا نہیں؟ **فرمایا:** جائز ہے۔

سوال پیش ہوا کہ روزہ دار آنکھوں میں سرمہ ڈالے یا نہ ڈالے؟ **فرمایا:** مکروہ ہے اور ایسی ضرورت ہی کیا ہے کہ دن کے وقت سرمہ لگائے۔ رات کو سرمہ لگا سکتا ہے۔

ایک شخص کا سوال حضرت صاحب کی خدمت میں پیش ہوا کہ جو شخص بسبب ملازمت کے ہمیشہ دورہ میں رہتا ہو اس کو نمازوں میں قصر کرنی جائز ہے یا نہیں؟ **فرمایا:** جو شخص رات دن دورہ پر رہتا ہے اور اسی بات کا ملازم ہے وہ حالت دورہ میں مسافر نہیں کہلا سکتا اس کو پوری نماز پڑھنی چاہئے۔ (ملفوظات جلد پنجم ص135)

بعض اوقات رمضان ایسے موسم میں آتا ہے کہ کاشت کاروں سے جبکہ کام کی کثرت مثل تخمریزی و درودگی ہوتی ہے۔ ایسے ہی مزدوروں سے جن کا گزارہ مزدوری پر ہے روزہ نہیں رکھا جاتا ان کی نسبت کیا ارشاد ہے؟

فرمایا: الاعمال بالنیات۔ یہ لوگ اپنی حالتوں کو مخفی رکھتے ہیں۔ ہر شخص تقویٰ وطہارت سے اپنی حالت سوچ لے۔ اگر کوئی اپنی جگہ مزدوری پر رکھ سکتا ہے تو ایسا کرے ورنہ مریض کے حکم میں ہے۔ پھر جب میسر ہو رکھ لے۔ اور وعلی الذین یطیقونہ (سورۃ البقرۃ:185) کی نسبت **فرمایا** کہ: اس کے معنے یہ ہیں کہ جو طاقت نہیں رکھتے۔ (ملفوظات جلد پنجم ص296)

خط سے سوال پیش ہوا کہ میں بوقت سحر بماہ رمضان اندر بیٹھا ہوا بے خبری سے کھاتا پیتا رہا جب باہر نکل کر دیکھا تو معلوم ہوا کہ سفیدی ظاہر ہو گئی ہے۔ کیا وہ روزہ میرے اوپر رکھنا لازم ہے یا نہیں؟ حضرت نے **فرمایا** کہ:۔ بے خبری میں کھایا پیا تو اس پر اس روزہ کے بدلے دوسرا روزہ لازم نہیں آتا۔

پھر سوال پیش ہوا کہ کتب علیکم الصیام سے فرضی روزے مراد ہیں یا اور روزے مراد ہے؟ فرمایا: کتب سے فرضی روزے مراد ہیں۔

(ملفوظات جلد پنجم ص147)

ایک شخص کا سوال حضرت کی خدمت میں پیش ہوا کہ آنحضرت ﷺ کے وصال کے دن روزہ رکھنا ضروری ہے یا کہ نہیں؟ **فرمایا:** ضروری نہیں ہے۔

اسی شخص کا سوال پیش ہوا کہ محرم کے پہلے دس دن کا روزہ رکھنا ضروری ہے یا کہ نہیں؟ فرمایا: ضروری نہیں ہے۔ (ملفوظات جلد پنجم ص 168)

روزہ کیسے ٹوٹتا ہے

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا:۔

روزہ ڈھال ہے جب تک کہ روزہ دار اسے نہ توڑے۔ پوچھا گیا کہ روزہ دار اسے کیسے توڑے گا تو فرمایا۔ جھوٹ اور غیبت کے ذریعہ

(مجمع الزوائد کتاب الصیام باب الغیبۃ للصائم جلد3صفحہ 171)

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا درس القرآن اور اختتامی دعا

۞ امسال 30 رمضان المبارک بمطابق یکم اکتوبر 2008ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا درس القرآن اور اختتامی دعا پاکستانی وقت کے مطابق سہ پہر 5:30 بجے ایم ٹی اے پر لائیو نشر ہوگی۔

خطبہ عیدالفطر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

۞ امسال لندن میں عیدالفطر مورخہ 2/ اکتوبر 2008ء کو ہوگی۔ ایم ٹی اے انٹرنیشنل کی براہ راست نشریات کا آغاز مورخہ 2/ اکتوبر کو دوپہر 3:00 بجے ہوگا۔ اس دوران ہی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا خطبہ عیدالفطر نشر ہوگا۔ احباب جماعت حسب پروگرام استفادہ فرمائیں۔

صدسالہ جوبلی تمغہ جات

(اے۔لیول، او۔لیول)

۞ پاکستان سے تعلق رکھنے والے ایسے تمام احباب وخواتین جنہوں نے 2006ء یا اس کے بعد کسی پاکستانی تعلیمی ادارہ سے O-Level کے امتحان میں 8As حاصل کئے ہوں یا A-Level کے امتحان میں 3-As حاصل کئے ہوں وہ اپنی درخواستیں سرٹیفکیٹ کی فوٹو کاپی امیر صاحب ضلع سے تصدیق شدہ ایڈریس اور فون نمبر کے ہمراہ ناظر تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ کے نام ارسال کریں۔

یاد رہے اس میں Advanced Subsidiary Level شامل نہ ہے۔

فون 047-6212473 فیکس: 047-6212398

ntaleem@gmail.com

نظارت تعلیم صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ

مقابلہ مقالہ نویسی بعنوان ’’پانچ بنیادی اخلاق‘‘

برائے مجلس اطفال الاحمدیہ و ناصرات الاحمدیہ 09-2008ء

قواعد، ذیلی عناوین و امدادی کتب

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی منظوری سے مجلس انصاراللہ پاکستان ہر سال انصار، خدام، لجنہ، ناصرات اور اطفال کے مابین مقابلہ مقالہ نویسی منعقد کیا کرے گی۔

سال 09-2008ء کے لئے مقابلہ مقالہ نویسی کے عناوین ذیلی عناوین، قواعد اور امدادی کتب پر مشتمل تفصیلات ہر تنظیم کے لئے الگ الگ تیار کی گئی ہیں۔ جو باری باری شائع کی جارہی ہیں۔

(ڈاکٹر عبدالخالق خالد۔ قائد تعلیم مجلس انصاراللہ پاکستان)

قواعد:

☆عنوان مقالہ ’’پانچ بنیادی اخلاق‘‘

☆مقالہ کے الفاظ 25 ہزار سے کم نہ ہوں اور 40 ہزار سے زائد نہ ہوں۔ الفاظ کی پابندی ضروری ہے۔ بصورت دیگر مقالہ مقابلہ میں شامل نہ ہوگا۔

☆مقالہ نگار اپنے الفاظ کی تعداد کو مقالہ کے شروع میں نمایاں طور پر تحریر کریں۔

☆جن کتب کا حوالہ دیا جائے اُن کے مصنّفین، کتاب کا نام، شائع کرنے والے ادارے کا نام، ایڈیشن، سنِ اشاعت، جلد اور صفحہ نمبر کا ذکر ضرور کیا جائے۔ حوالہ جات کو درست اور نمایاں طور سے تحریر کیا جائے۔

☆ کاغذ کے ایک طرف صاف اور خوشخط تحریر کریں۔ دائیں طرف حاشیہ چھوڑ کر لکھیں۔

☆مقالہ جمع کرانے کی آخری تاریخ 31 اگست 2009ء ہے۔ مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والے مقالہ جات مقابلہ میں شریک نہ کئے جائیں گے۔

☆ان مقابلہ جات میں مجلس اطفال الاحمدیہ اور ناصرات الاحمدیہ شریک ہوں گی۔

☆مقالہ نگار پہلے صفحہ پر مقالے کا عنوان، اپنا مکمل نام بمعہ ولدیت، مکمل پوسٹل ایڈریس بمعہ فون نمبرز، اپنی تنظیم اور مجلس کا نام نمایاں طور سے صاف اور خوشخط تحریر کریں۔

☆مجلس اطفال الاحمدیہ پاکستان کے اراکین اپنے مقالہ جات قیادت تعلیم مجلس انصاراللہ پاکستان (ربوہ) کو بھجوائیں اور ناصرات الاحمدیہ اپنے مقالہ جات لجنہ اماء اللہ پاکستان کی وساطت سے ارسال کریں۔

☆ مقالہ لکھنے والے اراکین کی راہنمائی کے لئے ذیلی عناوین اور امدادی کتب کی فہرست دی جا رہی ہے۔ تاہم مقالہ نویس ان کتب کے علاوہ مزید کتب سے بھی استفادہ کر سکتے ہیں نیز اگر چاہیں تو وہ مزید ذیلی عناوین بھی بنا سکتے ہیں۔ تاہم مقالہ تحریر کرتے وقت قیادت تعلیم کی طرف سے دیئے گئے عناوین کے تحت لکھنا ضروری ہوگا۔

☆ مقالہ نویس مقالہ مرکز میں جمع کروانے سے قبل ایک کاپی اپنے پاس رکھ لیں۔ مرکز میں جمع شدہ مقالہ واپس نہیں دیا جائے گا۔

☆ مقالہ نویس اراکین کے لئے تمام قواعد کی پابندی لازمی ہے۔

انعامات:

اوّل : ماڈل مینارۃ المسیح + کتب+ سند امتیاز +15 ہزار روپے نقد انعام

دوم : ماڈل مینارۃ المسیح + کتب + سند امتیاز+10 ہزار روپے نقد انعام

سوم: ماڈل ستارہ احمدیت+ کتب+ سند امتیاز +5 ہزار روپے نقد انعام

ان تین انعامات کے علاوہ دس انعامات حُسن کارکردگی کی بناء پر اگلی دس پوزیشنز حاصل کرنے والوں کو انعامی کتب اور سند امتیاز کی صورت میں دیئے جائیں گے۔ مقابلہ میں شرکت کرنے والے تمام اطفال و ناصرات کو سندِ شرکت بھی دی جائے گی۔

ذیلی عناوین:

1-اخلاق کی تعریف۔ لغوی و اصطلاحی معنی

2-اخلاق کی مختلف اقسام

3-اخلاق حسنہ کی حسن معاشرت میں ضرورت و اہمیت

4-سچائی کے لغوی معنی۔ سچائی از روئے قرآن و احادیث۔ انسانی کردار کی تعمیر میں سچائی کی اہمیت

5-وُسعت حوصلہ کی تعریف از روئے قرآن و احادیث

6-وسعت حوصلہ کے معاشرے پر مثبت اثرات

7-نرم اور پاک زبان کے استعمال سے معاشرے میں امن اور سلامتی کی ضمانت

8-ادب اور آداب کی جامع تعریف اور معاشرتی زندگی پر اس کے بہتر اثرات

9-غریب کی ہمدردی اور دکھ دور کرنے سے فلاحی معاشرے کی تشکیل

10-مضبوط عزم اور ہمت کے لغوی معنی اور معاشرے پر اس کے اثرات

11-آنحضرتؐ کے زمانہ میں مسلمانوں کے اعلیٰ اخلاق کی مثالیں

12-بنیادی اخلاق کے بارہ میں حضرت مسیح موعود اور خلفاء احمدیت کے ارشادات

13-تحریک وقفِ نو میں بنیادی اخلاق کی اہمیت وضرورت

14-انبیاء کی بعثت کا مقصد لوگوں کو اعلیٰ اخلاق کی تربیت دینا ہے۔

15-بچوں کے اخلاق و عادات کی درستی کے لئے نماز باجماعت کی اہمیت

16-پانچ بنیادی اخلاق کا بچوں کی تربیت میں مرکزی کردار

امدادی کتب:

1-قرآن کریم

2-تفسیر صغیر از حضرت مصلح موعود

3-تفسیر کبیر از حضرت مصلح موعود (انڈیکس سے لفظ ’’اخلاق‘‘ کے تحت)

4-ترجمہ قرآن کریم۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع

5-مشعلِ راہ جلد اوّل تا پنجم۔ شائع کردہ مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

6-خطبہ جمعہ فرمودہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع 24 نومبر 1989ء (پانچ بنیادی اخلاق)

7-سیرت حضرت مسیح موعود۔ مولفہ شیخ یعقوب علی صاحب عرفانی

8-سیرت حضرت مسیح موعود۔ مولفہ مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی

9-کتب احادیث۔ (حدیقۃ الصالحین۔ احادیث الاخلاق۔ ریاض الصالحین)

10-سیرت المهدی۔ حضرت مرزا بشیر احمد صاحب

11-حضرت محمدؐ۔ مولفہ مولانا غلام باری صاحب سیف

12-شرائط بیعت اور ہماری ذمہ داریاں (خطبات حضرت خلیفۃ المسیح الخامس)

13۔اسوۂ انسان کامل۔ حافظ مظفر احمد صاحب

رسائل:

ماہنامہ ’’انصاراللہ‘‘ (دسمبر 1989ء، ستمبر 1990ء)

ماہنامہ ’’خالد‘‘ (دسمبر 1989ء جنوری، فروری، جولائی، اگست 1990ء، جون 1991ء)

ماہنامہ ’’تشحیذ الاذہان‘‘ (جون، ستمبر، اکتوبر، دسمبر 1989ء۔ جنوری 1990ء۔ جون، جولائی 1999ء۔ اگست 2002ء)

ماہنامہ ’’مصباح‘‘ (دسمبر 1989ء۔ جنوری، نومبر 1990ء۔ اگست 1992ء۔ اپریل، اگست 1993ء)

اخبارات:

روزنامہ الفضل۔ الفضل انٹرنیشنل

احمدیہ ٹیلی ویژن انٹرنیشنل کے پروگرام

26 ستمبر 2008ء

12-10 am	ایک تقریر قرآن کریم کے متعلق
12-55 am	عربی سروس
3-00 am	درس القرآن
4-00 am	خطبہ جمعہ
4-55 am	تلاوت (دوبارہ)
6-00 am	تلاوت، خبریں
7-00 am	درس القرآن
8-35 am	سیرت النبی ﷺ
9-30 am	تلاوت قرآن کریم
10-40 am	درس حدیث
10-35 am	المائدہ
11-20 am	ایم۔ ٹی۔ اے ورائٹی
12-05 pm	تلاوت، درس حدیث، خبریں
2-40 pm	انڈونیشین سروس
3-50 pm	سیرت النبی ﷺ
4-30 pm	درس القرآن
6-00 pm	براہ راست خطبہ جمعہ
7-15 pm	تلاوت، درس حدیث، خبریں
8-15 pm	بنگلہ سروس
9-15 pm	سیرت النبی ﷺ
9-45 pm	خطبہ جمعہ
10-55 pm	تلاوت قرآن کریم

27 ستمبر 2008ء

12-00 am	تقریر جلسہ سالانہ
1-00 am	عربی سروس
3-15 am	درس القرآن
4-15 am	خطبہ جمعہ
6-00 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-45 am	جلسہ سالانہ یو۔ ایس۔ اے
7-50 am	درس القرآن
8-55 am	سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم
9-30 am	تلاوت قرآن مجید
10-45 am	خطبہ جمعہ
12-00 pm	تلاوت، درس حدیث، خبریں
2-30 pm	خطبہ جمعہ
3-45 pm	انڈونیشین سروس
4-40 pm	درس حدیث
5-00 pm	درس القرآن
6-25 pm	تلاوت
6-55 pm	بنگلہ سروس
8-00 pm	نظم مقابلہ براہ راست
9-30 pm	آرٹ کلاس
10-10 pm	سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم

(باقی صفحہ 12 پر)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

غیر زبانیں سیکھ کر خدمت دین، ایک عظیم سعادت ہے

لفظ قرآن میں اس کی کثرت سے تلاوت اور تراجم و تفاسیر کی پیشگوئی موجود ہے

اقوام متحدہ نے 2008ء کو علم لسانیات کا سال قرار دیا ہے

عبدالسمیع خان

جماعت کا بنیادی مقصد

جماعت احمدیہ کے لئے زبانیں سیکھنا محض ایک علم یا مشغلہ نہیں بلکہ اس کے بنیادی مقاصد میں شامل ہے۔ یعنی تمام دنیا کو اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچانا اور یہ پیغام مختلف اقوام کی زبانیں سیکھے بغیر پہنچانا ممکن نہیں اور اسی کے ذریعہ قرآن کریم کی بعض عظیم الشان پیشگوئیاں پوری ہوتی ہیں۔

کثرت تلاوت کی پیشگوئی

ہماری مقدس کتاب قرآن کے لفظ میں یہ عظیم الشان پیشگوئی مضمر ہے کہ یہ کتاب کثرت سے پڑھی جائے گی اور آج دنیا کے دانشور اور محققین یہ تسلیم کرتے ہیں کہ اگرچہ قرآن مجید تاریخ کا دھارا بدل دینے والی کتابوں میں سب سے کم عمر ہے لیکن دنیا میں جتنی کتابیں لکھی گئی ہیں ان میں یہ سب سے زیادہ پڑھی جانے والی کتاب ہے۔

(پروفیسر فلپ حتی۔ تاریخ العرب حصہ اول ص 174,173)

کثرت تحریر کی پیشگوئی

اس کے ساتھ ہی قرآن کو 'کتاب' کا نام دے کر یہ پیشگوئی بھی کی گئی کہ ایک امی پر نازل ہونے والا یہ کلام کتابی شکل پائے گا اور دنیا میں کثرت سے لکھا بھی جائے گا۔ حضرت مصلح موعود نے تفسیر کبیر میں یہ عظیم الشان نکتہ بیان فرمایا ہے کہ

کلام الٰہی کے اندر ''قرآن مبین'' کی ترکیب 2 دفعہ اور ''کتاب مبین'' کی ترکیب 12 دفعہ آنے میں یہ حکمت ہے کہ قرآن کریم کا کتاب ہونے کے لحاظ سے حلقہ زیادہ وسیع ہوگا اور اکثر لوگ اس کے کتاب ہونے کی صفت سے زیادہ فائدہ اٹھائیں گے۔ نیز یہ کہ ابتدائی زمانہ میں اس کی صفت قرآن اور بعد کے زمانوں میں صفت کتاب زیادہ جلوہ گر ہوگی۔ (تفسیر کبیر جلد 4 ص 4)

کتاب مبین

مبین کا لفظ معانی اور مطالب کو خوب واضح کرنے کے لئے ہے اور اس میں قرآن کریم کی شروح اور تفاسیر کے کثرت سے وجود میں آنے کی طرف اشارہ ہے اور غیر عرب اقوام کے لئے قرآن تبھی مبین ہو سکتا ہے جب مختلف زبانوں میں اس کے تراجم کثرت سے وجود میں آئیں۔

نشر صحف کی پیشگوئی

وہ دور جس میں قرآن نے کثرت سے لکھا جانا اور تراجم کے ساتھ شائع ہونا تھا وہ مسیح موعود کا زمانہ ہے جس میں پیشگوئیوں کے مطابق صحیفے نشر کئے جانے اور چھاپے خانے ایجاد ہونے تھے۔ اس سلسلہ کا آغاز 1454ء میں ہوا جب گوٹن برگ میں پہلا مطبع ابتدائی صورت میں قائم کیا گیا۔

عربی خط میں سب سے پہلا قرآن مجید 1701ء میں جرمنی میں طبع ہوا اور یہ نسخہ مصر میں موجود ہے۔

(دائرۃ المعارف الاسلامیہ جلد 16 ص 358)

پہلا مطبوعہ ترجمہ

مغربی زبانوں میں سب سے پہلا ترجمہ انگلستان کے ایک شخص Robertus Retenensis نے لاطینی زبان میں 1143ء میں مکمل کیا۔ یہ ترجمہ سوئٹزر لینڈ کے ایک شخص تھیوڈور نے 1543ء میں شائع کیا۔ یہ ترجمہ غلطیوں اور غلط فہمیوں کا پلندہ ہے۔

(دائرۃ المعارف الاسلامیہ جلد 16 ص 613)

جماعت کا عزم

جماعت احمدیہ کے قیام اور خلافت کے ذریعہ تنظیمی طور پر مضبوط ہونے کے ساتھ تراجم قرآن کا ایک نیا دور شروع ہوا اور جماعت کے خلفاء نے اعلان کیا کہ ہم دنیا کے ہر فرد کے ہاتھ میں اس کی زبان میں قرآن کریم پہنچائیں گے۔

چنانچہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے اشاعت قرآن کے ایک عظیم منصوبے کا اعلان کرتے ہوئے 18 فروری 1973ء کو فرمایا:۔

اشاعت قرآن کے سلسلہ میں تین مرحلے آتے ہیں ایک یہ کہ متن قرآن کریم کو ہر مسلمان کے ہاتھ میں پہنچا دیا جاوے یہی نہیں بلکہ قرآن عظیم کو دنیا کے ہر انسان کے ہاتھوں تک ہی پہنچا دیا جائے۔

دوسرا مرحلہ یہ ہے کہ قرآن کریم کا ترجمہ ہر قوم اور ہر ملک کی زبان میں کیا جائے تا کہ دنیا کے ہر خطہ کے لوگوں تک قرآن کریم کو اس کے معنی و مفہوم کے ساتھ پہنچایا جاسکے۔ چونکہ ہم نے ہر زبان میں قرآن کریم کا ترجمہ کرنا ہے اس لئے پہلے ہم ان کے حروف بنائیں پھر اس کی طباعت کریں گے۔ یعنی قرآن کریم کا ترجمہ اس زبان میں بھی شائع کریں گے۔ جو اس وقت بولی جاتی ہے مگر لکھی نہیں جاتی۔

تیسرا مرحلہ یہ ہے کہ جو لوگ یا قومیں قرآن کریم کا متن پڑھنے لگ جائیں اور اس کا ترجمہ سمجھنے لگ جائیں ان کو ہم قرآن عظیم کی تفسیر سے روشناس کرائیں، تفاسیر کی طباعت ہو۔ ہر زبان میں ہو۔

(خلفائے احمدیت کی تحریکات ص 348)

زبانوں کی تعداد

اب سوال یہ ہے کہ دنیا کی کتنی زبانیں ہیں جن میں قرآن کا ترجمہ کرنا مقصود ہے۔

اللہ تعالیٰ نے انسان کو جو پہلی زبان سکھائی وہ عربی تھی جو الہامی اور ام الالسنہ ہے اور انسانوں کے پھیلنے کے ساتھ مختلف خطوں اور حالات اور ضرورتوں کے مطابق نئی زبانوں نے جنم لیا۔ قرآن کریم نے زبانوں کے اس اختلاف کو اللہ تعالیٰ کا نشان قرار دیا ہے۔

(سورۃ الروم: 23)

ماہرین لسانیات بیان کرتے ہیں کہ 10 ہزار سال قبل جب دنیا کی آبادی 5 یا 10 ملین تھی تو یہ لوگ تقریباً 12 ہزار زبانیں بولتے تھے۔ ایک لمبے عرصہ کے بعد جب انسانوں کا میل جول زیادہ ہونے لگا اور روابط بڑھنے لگے تو زبانیں کم ہونے لگیں۔ تاہم ان کی تعداد اب بھی ہزاروں میں ہے۔

Summer Institute of Linguistics ڈلاس امریکہ کی رپورٹ کے مطابق زمانہ حال میں دنیا میں بولی جانے والی زبانوں کی تعداد تقریباً 6800 ہے۔

ان میں سے یورپ میں 200، امریکہ میں 1000، افریقہ میں 2400 اور پیسفک جزائر میں 3200 زبانیں بولی جاتی ہیں۔ جبکہ ان میں سے صرف پاپوانیوگنی میں 800 مختلف زبانیں بولی جاتی ہیں۔

(بحوالہ الفضل 5 ستمبر 2005ء ص 5)

زبانیں بولنے والوں کی تعداد

ان زبانوں کے بولنے والے لوگ کتنے ہیں اس بارہ میں جائزہ یہ ہے کہ

نوے فیصد زبانیں ایسی ہیں جن کے بولنے والوں کی تعداد ایک لاکھ سے بھی کم ہے۔

537 زبانیں بولنے والے 50 سے بھی کم ہیں اور 46 زبانیں آئندہ چند برسوں میں ختم ہونے والی ہیں۔ ان کو نکال دیں تب بھی زبانوں کی تعداد سینکڑوں میں ہے۔ ان میں سے سب سے بڑی چین کی مینڈرین زبان ہے جسے دنیا کا 1/6 حصہ بطور مادری زبان بولتا ہے۔

انگریزی 32 کروڑ لوگوں کی مادری زبان ہے۔ 35 کروڑ کی ثانوی اور 15 کروڑ ضرورت کے مطابق بولتے ہیں اس طرح انگریزی بولنے والوں کی تعداد 82 کروڑ ہے۔

''اردو ہندی'' کو اگر ایک زبان تصور کیا جائے تو آبادی کے لحاظ سے تیسرا نمبر اسی زبان کا ہے لیکن اگر ہندی کو الگ زبان کے طور پر دیکھا جائے تو عالمی زبانوں کی فہرست میں اس کا نمبر چھٹا بنتا ہے۔ پانچویں نمبر پر بنگالی ہے اور اردو بائیسویں نمبر پر چلی جاتی ہے۔

اس کے علاوہ عربی اور ہسپانوی بھی دنیا کی بڑی زبانوں میں شامل ہیں۔

11 بڑی زبانیں جن میں انگریزی، ہسپانوی، عربی، ہندی وغیرہ شامل ہیں دنیا کی آدھی آبادی کا احاطہ کرتی ہیں۔

(ہفت روزہ عزم لاہور 23 ستمبر 2004ء)

تراجم قرآن

جماعت احمدیہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے 68 زبانوں میں قرآن کریم کے تراجم شائع کر چکی ہے۔ 117 زبانوں میں منتخب آیات، احادیث اور اقتباسات مسیح موعود شائع کئے جاچکے ہیں۔

حضرت خلیفۃ المسیح کا خطبہ قریباً 6 زبانوں میں جبکہ جلسہ سالانہ انگلستان پر حضور کے خطابات 12 زبانوں میں نشر کئے جاتے ہیں۔ یاد رہے کہ اقوام متحدہ میں ترجمہ کا انتظام 6 زبانوں میں ہے۔

قرآن کریم کے تراجم اور دعوت الی اللہ کے لئے جماعت میں بے پناہ جوش ہے۔ حضرت مصلح موعود کے زمانہ کی تحقیق کے مطابق 1300 زبانیں بولی جاتی تھیں۔ تو حضور نے ان کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:۔

"دنیا میں اس وقت تیرہ سو زبانیں بولی جاتی ہیں اور تیرہ سو زبانوں میں ہی قرآن کریم کا ترجمہ ہونا ضروری ہے کیونکہ قرآن کریم تمام انسانوں کے لئے نازل ہوا اور دنیا کا کوئی فرد ایسا نہیں جسے قرآن کریم مخاطب نہیں کرتا۔ پس دنیا کا کوئی فرد ایسا نہیں ہونا چاہئے جس کی زبان میں ہم اس کا ترجمہ نہ کر دیں تا کہ کوئی فرد یہ نہ کہہ سکے کہ اے اللہ! تو نے مجھے فلاں زبان بولنے والے لوگوں میں پیدا کیا تھا اور قرآن کریم تو عربی زبان میں ہے پھر میں قرآن کریم کس سے سیکھتا۔ (تفسیر کبیر جلد 7 ص 641)

اسی طرح حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:

"عیسائیت نے جو یہ دعویٰ کر رکھا ہے کہ ہم نے بائیبل کو 670 یا اس کے لگ بھگ زبانوں میں ترجمہ کر کے دنیا میں پھیلا دیا ہے۔ اگر یہ دعویٰ سچا ہے تو جماعت احمدیہ قرآن کا 670 زبانوں میں ضرور ترجمہ کرے گی اور ہرگز قرآن پر یہ دوش نہ آنے دے گی کہ قرآن بائیبل سے پیچھے رہ گیا ہے۔ ہم نے یہ عہد کر رکھا ہے کہ ہم مزید زبانوں کی تلاش کریں گے اور اس وقت تک چین نہیں لیں گے جب تک یہ ظاہر نہ ہو کہ قرآن وہ کتاب ہے جس سے زیادہ دنیا میں کسی اور کتاب کا دنیا کی زبانوں میں ترجمہ نہیں ہوا"۔

(الفضل 25 جولائی 1989ء)

حضرت مسیح موعود اور انگریزی

حضرت مسیح موعود اردو کے علاوہ فارسی اور عربی پر عبور رکھتے تھے اور مغربی ممالک میں دعوت الی اللہ کے لئے انگریزی کا شوق رکھتے تھے۔ فرمایا:۔

اگر خدا تعالیٰ ہمیں انگریزی زبان سکھا دے تو ہم خود پھر کر اور دورہ کر کے (دعوت الی اللہ) کریں اور اسی (دعوت الی اللہ) میں زندگی ختم کر دیں خواہ مارے ہی جاویں۔ (ملفوظات جلد 2 ص 219)

آپ نے انگریزی سیکھنی شروع بھی کی تھی مگر مصروفیت کی وجہ سے زیادہ وقت نہ دے سکے اور اپنے رفقاء سے فرمایا اس میں اللہ تعالیٰ کی حکمت ہے کہ ہم نے انگریزی نہیں پڑھی کہ اللہ تعالیٰ آپ لوگوں کو ثواب میں شامل کرنا چاہتا ہے۔ (ملفوظات جلد 5 ص 480)

حضرت مفتی محمد صادق صاحب کی روایت ہے کہ حضرت مسیح موعود فرماتے تھے کہ کوئی زبان ایسی نہیں کہ تین دن بھی میں اس کی طرف توجہ کروں اور اس کا میں ماہر نہ ہو جاؤں۔ انگریزی بھی ایک مفید زبان ہے۔ مگر میں اس کو آپ لوگوں کے ثواب کے لئے چھوڑتا ہوں۔ (الفضل 17 جنوری 1925ء ص 7)

ہر زبان میں دعوت الی اللہ

سیدنا حضرت مصلح موعود نے منصب خلافت سنبھالتے ہی وسیع سکیم کا اعلان کرتے ہوئے فرمایا:۔

"میں چاہتا ہوں کہ ہم میں ایسے لوگ ہوں جو ہر ایک زبان کے سیکھنے والے اور پھر جاننے والے ہوں تا کہ ہم ہر ایک زبان میں آسانی کے ساتھ (دعوت الی اللہ) کر سکیں اور اس کے متعلق میرے بڑے بڑے ارادے اور تجاویز ہیں اور میں اللہ تعالیٰ کے فضل پر یقین رکھتا ہوں کہ خدا نے زندگی دی اور توفیق دی اور پھر اپنے فضل سے اسباب عطا کئے اور ان اسباب سے کام لینے کی توفیق ملی تو اپنے وقت پر ظاہر ہو جاویں گے۔ غرض میں تمام زبانوں اور تمام قوموں میں (دعوت الی اللہ) کا ارادہ رکھتا ہوں"۔

(منصب خلافت۔ انوار العلوم جلد 2 ص 35,34)

آپ جماعت کو مختلف زبانیں سیکھنے کی ہدایت فرماتے رہے۔ اسی سلسلہ میں آپ نے سنسکرت سکھانے کے لئے آریوں کو ایک پیشکش کی۔ آپ نے 23 جنوری 1921ء کو فرمایا:۔

"میں تجویز کرتا ہوں کہ آریہ صاحبان اپنے بیس طالب علم یا جنہیں وہ مناسب سمجھیں ہمارے پاس بھیج دیں ان کا خرچ بھی ہم برداشت کریں گے اور ان کو قرآن شریف بھی پڑھائیں گے۔ اس کے مقابلہ میں آریہ صاحبان ہمارے صرف دو آدمیوں کو پوری سنسکرت پڑھا دیں اور ویدوں کا ماہر بنا دیں اور ان کا خرچ بھی ہم خود دیں گے۔ (الفضل 31 جنوری 1921ء ص 6)

حضور نے 6 دسمبر 1923ء کو مدرسہ تعلیم الاسلام ہائی سکول کے طلباء سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا:۔

تعلیم الاسلام ہائی سکول کے بنانے کی اصل غرض یہی تھی کہ یہاں ایسے آدمی تیار ہوں جو انگریزی ممالک میں جا کر بوقت ضرورت (دعوت الی اللہ کا) کام کریں۔ ان ممالک میں (دعوت الی اللہ) نہیں ہو سکتی۔ جب تک ان کی زبان سے واقفیت اور ان کے علوم میں قابلیت نہ ہو۔ انگریزی ہی پر موقوف نہیں ہم فرانسیسی زبان بھی سکھلانے کی خواہش رکھتے ہیں۔ اسی طرح جرمنی، روسی وغیرہ تمام زبانیں سیکھنی ضروری ہیں۔ لیکن فی الحال ان کا انتظام مشکل ہے اگر ہمارے پاس سامان کی کمی نہ ہوتی تو ہم وہ تمام زبانیں اپنے بچوں کو سکھاتے جن کا جاننا ان ملکوں میں ضروری ہے۔ جہاں اردو سے کام نہیں چل سکتا۔

(الفضل 25 دسمبر 1923ء ص 8)

خلافت رابعہ اور خامسہ میں
زبانیں سیکھنے کی تحریک

دعوت الی اللہ کی تحریک کو زیادہ وسیع اور ہمہ گیر بنانے کے لئے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے احمدیوں کو عموماً اور خدام اور انصار کو خصوصاً غیر ملکی زبانیں سیکھنے کی تحریک فرمائی اور اس سلسلہ میں مرکز میں ایک جامع ادارہ کے قیام کا بھی اعلان فرمایا۔ 18 اکتوبر 1982ء کو حضور نے احمدی طلباء سے خطاب کرتے ہوئے اسی سکیم کے ایک ذیلی حصہ یعنی سپینش سیکھنے کی تحریک کا ذکر فرمایا اور اس کے مقاصد پر روشنی ڈالی۔ جو حضور نے اپنے پہلے دورہ یورپ میں احباب کے سامنے رکھی تھی۔ حضور نے فرمایا:۔

"میں اب یورپ خصوصاً انگلستان میں ایک عام تحریک کر کے آیا ہوں کہ دوست سپینش سیکھنے کی طرف خصوصیت سے توجہ کریں......

سکیم یہ ہے کہ دوست اپنے طور پر سپینش زبان سیکھیں اور ہر سال چھٹیاں سپین کے مختلف علاقوں میں گزاریں اور وہاں ان کے سپرد معین علاقہ کر دیا جائے۔ مثلاً یہ کہا جائے کہ فلاں دیہات فلاں دوست کے ذمہ ہو گئے ہیں اور فلاں دیہات فلاں دوست کے ذمہ ہو گئے ہیں۔ وہاں وہ تعلقات قائم کریں ٹوٹی پھوٹی زبان جتنی بھی آتی ہے اس میں ...... گفتگو کریں اور پھر اپنے مشن کے ساتھ ان کا تعارف کروائیں اور اسی طرح یورپ کے دوسرے علاقوں کے متعلق بھی یہ تحریک کی گئی ہے کہ وہ بھی اندلس کا کوئی نہ کوئی حصہ اپنے لئے چن لیں تو انشاء اللہ اس طرح پر رضا کار (مربیان) بکثرت تیار ہو جائیں گے......

پس یہ وہ تحریک ہے جس پر امید ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ اچھی Response ہو گی۔ نوجوان کثرت کے ساتھ آگے آئیں گے"۔ (خلفائے احمدیت کی تحریکات ص 427)

حضور نے احمدی طلباء کو مشغلے کے طور پر زبانیں سیکھنے کی تحریک کرتے ہوئے فرمایا:۔

"میں نے آپ کو Languages یعنی زبانیں سیکھنے کی طرف توجہ دلائی تھی۔ زبانوں کے متعلق ریسرچ کہتی ہے کہ گیارہ سال کی عمر تک آپ جتنی چاہیں زبانیں سیکھیں۔ آپ کے اوپر کوئی بوجھ نہیں پڑے گا۔ جتنی زیادہ آپ زبانیں سیکھیں گے اتنا زیادہ آپ کا دماغ اور زبانیں سیکھنے کے قابل ہو جائے گا اور اگر گیارہ سال کی عمر تک ایک زبان بھی نہ سیکھی ہو تو پھر ناممکن ہے کہ آپ کوئی ایک زبان بھی سیکھ سکیں۔ اس کے بعد علمی ترقی، زبان کے لحاظ سے ناممکن ہو جائے گی۔ Brain کا جو Right Hemisphere ہے اس میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے زبانیں سکھائی جاتی ہیں۔ گیارہ سال تک وہ انتظار کرتا رہتا ہے اور پھر وہ Barren یعنی ناکارہ ہو جاتا ہے اور اسے کچھ بھی یاد نہیں ہوتا۔ جس طرح بعض عورتیں یورپ وغیرہ میں پلاننگ کرتی رہتی ہیں۔ رحم بچے کا انتظار کرتا رہتا ہے۔ کچھ عرصہ بعد فلوپین ٹیوبز وغیرہ بند ہو کر بیکار ہو جاتی ہیں۔ اسی طرح دماغ کا یہ حصہ گیارہ سال تک انتظار کرتا ہے کہ اسے استعمال کیا جائے۔ جو لوگ استعمال نہیں کرتے وہ اسے ضائع کر دیتے ہیں۔ لیکن جو اپنے دماغ پر زیادہ بوجھ ڈالتے ہیں وہ اسے معطل نہیں کرتے بلکہ اور زیادہ چمکا دیتے ہیں۔

پس آپ اپنے دماغ کی قدر کریں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو بہت غیر معمولی قوتیں عطا فرمائی ہیں۔ آپ بیک وقت بہت سی چیزیں سیکھ سکتے ہیں۔ بشرطیکہ علم میں مگن ہو جائیں۔ یہی زندگی کی لذت ہے۔ جو مزا علم میں ہے وہ گپوں میں ہے نہ چالاکی میں ہے اور نہ لباس وغیرہ میں ہے۔ پھر اس کے ساتھ کیریکٹر میں ایک Nobility (عظمت) بھی پیدا ہو جاتی ہے۔

تو جیسا کہ آپ سے میں نے کہا تھا زبانیں سیکھیں۔ جب آپ نیک نیتی سے سیکھیں گے تو اللہ تعالیٰ کی مدد بھی آپ کو حاصل ہو گی اور آپ پر کوئی ایسا بوجھ بھی نہیں پڑے گا جو آپ کی تعلیم میں حارج ہو۔ ہر طالبعلم کو جو زائد وقت ملتا ہے اس میں وہ یہ مشغلہ رکھے کہ کوئی زبان سیکھنی ہے۔ اس سے اس کو Relaxation یعنی تفریح بھی ہو گی۔ کیونکہ دلچسپی کو حاصل کرنے یا بوریت کو دور کرنے کا جو Phenomenon ہے وہ صرف یہ ہے کہ انسان تبدیلی چاہتا ہے کام سے۔ کام میں تبدیلی ہو تب بھی آدمی Relaxed یعنی سکون حاصل کر لیتا ہے۔ چنانچہ انتہائی پریشر کے وقت جب چرچل نے Relaxed کرنا ہوتا تھا تو وہ ترکھان والا کوئی کام شروع کر دیتا تھا اور اگر ترکھان کا کام کر رہا ہو اور وہ تھک جائے تو وہ خیر اس وقت جرنیل نہیں بن سکتا۔ لیکن بہر حال اگر کوئی اور کام کرے گا تو اس میں دلچسپی پیدا ہو جائے گی۔ تو تنوع میں دلچسپی ہے۔ تبدیلی میں دلچسپی ہے یہ بھی آپ کی ایک علمی تبدیلی ہو جائے گی۔ آپ ایک نئی زبان سیکھنے لگ جائیں گے۔

(الفضل 8 ستمبر 2006ء)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے خطبہ فرمودہ یکم اگست 2008ء میں فرمایا:۔

میں واقفین نو بچوں کو بھی کہنا چاہتا ہوں، خاص طور پر بچیاں، کہ زبانیں سیکھنے کی طرف توجہ کریں کیونکہ آئندہ یہ ضرورت بڑھتی جائے گی انشاء اللہ تعالیٰ اور اس ضرورت کو پورا کرنے کے لئے ہمیں مستقل اپنے واقفین چاہئیں اور وہ واقفین نو میں سے ہی پورے ہو سکتے ہیں۔ (روزنامہ الفضل 9 ستمبر 2008ء)

واقفین نو اور زبانیں

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے واقفین نو کو اردو عربی انگریزی کے ساتھ ایک اور غیر ملکی زبان سیکھنے کی بھی تحریک فرمائی۔

چنانچہ 11 مارچ 1998ء کو ربوہ میں وقف نو لینگوئج انسٹیٹیوٹ بھی قائم کیا گیا۔ جس میں عربی، انگریزی، فرنچ، جرمن، سپینش، چائینز، ڈچ اور بوسنین زبانوں کے کورس پڑھائے جاتے رہے ہیں۔ فروری تا جون 2008ء کے سیشنز کے اختتام پر منعقد ہونے والی تقریب تقسیم انعامات میں 108 طلباء و طالبات کو انعامات دیئے گئے۔ (الفضل 15 اگست 2008ء)

لسانیات کا سال

اب جبکہ جماعت احمدیہ خلافت کی صد سالہ جوبلی منا رہی ہے اور دعوت الی اللہ کے نئے میدانوں میں داخل ہو رہی ہے۔ خدا کی تقدیر سے دنیا بھر کی توجہ زبانیں سیکھنے کی طرف ہو رہی ہے۔ چنانچہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے سال 2008ء کو علم لسانیات یعنی زبانیں سیکھنے کا سال قرار دیا ہے۔

(جنگ سنڈے میگزین 27 جنوری 2008ء)

پس آج ہر وہ شخص جو خدمت قرآن کی نیت سے کوئی غیر زبان سیکھتا ہے وہ قرآن کریم کی پیشگوئی کو پورا کرتا ہے اور اسے بشارت دی گئی ہے کہ

بہترین شخص وہ ہے جو خود قرآن سیکھتا ہے اور پھر دوسروں کو سکھاتا ہے۔

مکرم محمد طارق محمود صاحب

مکرم ومحترم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی صاحب کی یاد میں

زندہ ہو جاتا ہے جو مرتا ہے حق کے واسطے
اللہ اللہ موت کو کس نے مسیحا کر دیا

خاکسار نے 1978ء میں جامعہ احمدیہ سے شاہد کی ڈگری حاصل کی۔ عملی زندگی کے لئے پہلا حکم گوجرہ ضلع فیصل آباد (حال ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ) میں تقرری ہوئی۔ اگلے سال حکم ہوا کہ آپ کو میرپورخاص سندھ بھجوایا جارہا ہے۔ رمضان کا ہی مہینہ تھا۔ خاکسار انجانے علاقہ میں جانے کے لئے تیار ہوگیا۔

بہرحال اس عاجز کو میرپورخاص میں 1979ء تا 1982ء خدمت کی توفیق ملی۔ اس دوران مکرم ڈاکٹر عبدالمنان صاحب جوانی میں قدم رکھ رہے تھے۔ موصوف کا طالب علمی کا زمانہ تھا۔ وہ والدین کی اکلوتی اولاد تھے۔ گھر میں پیسے کی ریل پیل۔ باپ مقامی اور ضلع امیر کے علاوہ علاقہ کی معروف سیاسی شخصیت کے حامل۔ لیکن اس نیک بخت کی کبھی کسی نے شکایت نہیں سنی۔ انتہائی سنجیدہ، کم گو، چہرے سے متانت ٹپکتی۔ اپنے باپ کے شانہ بشانہ خدمت جماعت احمدیہ کے جذبہ سے سرشار اس نوجوان کے طور طریقے ہی بلند اخلاق کی عکاسی کرتے۔

8 ستمبر 2008ء میرپورخاص شہر کے وسط میں واقع ڈھولن آباد میں اڑھائی بجے دوپہر ایک بدقسمت انسان نے انسانیت کی بے لوث خدمت کرنے والے غریب پرور، یتیموں کے سہارا۔ اسی سنجیدہ اور کم گو سے نوجوان اور علاقہ کے مشہور و معروف ڈاکٹر محترم عبدالمنان صدیقی کو 46 سال کی عمر میں گولیوں کا نشانہ بنا کر ابدی زندگی کا وارث بنادیا۔

آفاق کے سفر میں پرواز ہو مبارک
ہر گھر سے آ رہی ہے آواز ہو مبارک

ایسی موت کے نتیجہ میں خالق سے ملنے کا مطلب ہے ابدی بقا یہی حقیقی زندگی کا پیغام ہے۔

اپنے مقصد حیات سے سچی لگن اور محبت والے گوہر ہمیشہ سدا بہار پھولوں کی طرح مہکتے رہتے ہیں۔ زندگی کا آب حیات موت کے پیالہ سے قطرہ قطرہ کشید ہو کر ملتا ہے۔ جو اس زہرآب کو سقراطی وجدان سے پی گیا ہمیشہ کے لئے امر ہوگیا۔

موت ایک راز ہے۔ بعض اموات اپنے ساتھ ابدی اور حقیقی زندگی کا پیغام لے کر آتی ہیں۔ انسان فانی ہے مگر انسانیت فانی نہیں۔ اگر زندگی کے درخت سے کوئی ایک ٹہنی ٹوٹ کر گر جائے تو ضرور کوئی نہ کوئی شاخ اس کی جگہ لے لیتی ہے۔

خدا کی راہ میں جان پیش کرنے والے کو دنیا کی کوئی طاقت صفحہ ہستی سے نہیں مٹا سکتی۔ اپنے مقصد حیات سے سچی لگن اور سچی محبت انہیں بڑی سے بڑی قربانی کے لئے ہر دم تیار رکھتی ہے۔ کامیاب انسان اپنی جدوجہد اپنے عزم اپنے بلند مقصد سے زندہ رہتا ہے۔ وہ لوگوں سے محبت کرتا ہے۔ لوگ اس سے محبت کرتے ہیں وہ ایسا کارنامہ سرانجام دینا چاہتا ہے جو اس کے ذاتی مفادات سے بالاتر ہوں۔ اپنی تمام ذہنی اور جسمانی اور اخلاقی صلاحیتوں کو صرف کرنے کے بعد مطمئن ہو جانا بھی کامیابی کی ایک روشن دلیل ہے۔

اے دنیا والو خدائے عزوجل کا عظیم الشان اعلان سن لو کہ جو خدا کی راہ میں اپنی جان قربان کرتے ہیں انہیں مردہ مت کہو وہ زندہ ہیں۔ لیکن تم اس حقیقت سے آگاہ نہیں۔

عزیز دوستو موت تو برحق ہے۔ ایک حقیقت ہے جو آیا ہے ایک دن وہ بہرحال اس جہان فانی سے کوچ کر جائے گا۔ موت تو بستر پر بھی آ ہی جاتی ہے لیکن وہ موت جو کسی عظیم مقصد کو حاصل کرتے ہوئے آئے اس جیسی موت کو موت نہیں بلکہ زندگی کہیں گے۔

بقول احمد ندیم قاسمی

کون کہتا ہے کہ موت آئی تو مرجاؤں گا
میں تو دریا ہوں سمندر میں اتر جاؤں گا

موت و حیات کے بارہ میں دنیا میں مختلف نظریات پائے جاتے ہیں۔ بعض لوگ کہتے ہیں زندگی سمندر میں تیرتا ہوا ایک جہاز ہے جس میں ہم ایک عرصہ کے لئے ملتے ہیں۔ موت ہمیں ساحل تک پہنچا دیتی ہے۔ جہاں ہم اپنی اپنی دنیا میں لوٹ جاتے ہیں۔

زندگی اسی روشنی کی مثل ہے جو سمندر کی لہروں کو رات کے وقت چمکا دیتی ہے لیکن کوئی نشان ثبت کئے بغیر معدوم ہو جاتی ہیں۔

انسان فانی ہے مگر انسانیت فانی نہیں۔ موت اگرچہ ایک خوفناک چیز ہے لیکن دنیا میں ایسے بہادر اور عظیم انسان بھی ہو گزرے ہیں جنہوں نے موت کے پیالے کو ہنستے ہوئے قبول کیا۔ ایسے ہی انسانوں میں ایک وجیہہ شکل دل کو موہ لینے والی شخصیت ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی بھی تھے۔ جن کی مسحور کن شخصیت نے لاکھوں دلوں کو مغموم کر دیا اور ان کے سفر آخرت میں دعا کے وقت ساری دنیا کے احمدی اور علاقہ کے معروف سیاسی مذہبی اور دوسرے حلقے افسوس کر رہے تھے۔

دست عزرائیل میں مخفی ہے سب راز حیات
موت کے پیالوں میں بٹتی ہے شراب زندگی

یہ انسان دوسرے انسانوں کی طرح ایک انسان تھا۔ لیکن اس کی جدائی نے لاکھوں جدائیوں کے غم زندہ کر دیئے۔ یہ موت پر غالب آگیا۔

مرحوم ڈاکٹر عبدالمنان صدیقی 1962ء میں میرپورخاص میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم میرپورخاص میں ہی حاصل کی۔ پھر ایم بی بی ایس کی ڈگری سندھ میڈیکل کراچی سے حاصل کی۔ اس کے بعد آپ مزید تعلیم کے لئے امریکہ چلے گئے۔ جہاں ان کے سسرال بھی مقیم ہیں۔

امریکہ سے تعلیم حاصل کرنے کے بعد اپنے والد مکرم ڈاکٹر عبدالرحمٰن صدیقی کی خواہش پر واپس میرپورخاص آگئے۔ جہاں انہوں نے اپنے والد کے کلینک واقع ڈھولن آباد کو جدید طرز سے بہت اعلیٰ طریقے سے اسٹیبلش (Establish) کیا۔ جہاں سینکڑوں مریض روزانہ علاج معالجہ کے لئے آتے اور مرحوم ڈاکٹر صاحب کی مسحور کن شخصیت سے خوش و خرم اور صحت یاب ہو کر اپنے گھروں کو واپس لوٹتے۔

امریکہ جانے سے قبل بھی آپ مختلف جماعتوں کے عہدوں پر فائز رہے۔ 1995ء میں آپ سیکرٹری امور عامہ جماعت احمدیہ میرپورخاص کے طور پر خدمت سرانجام دیتے رہے۔ 1995ء تا 8 ستمبر 2008ء 13 سال تک بطور امیر ضلع میرپورخاص فرائض سرانجام دیتے رہے۔

آپ مرکز کی طرف سے آنے والے ہر مہمان کی اتنی عزت افزائی فرماتے کہ وہ سمجھتا کہ ڈاکٹر صاحب اس کے پرانے دوست ہیں۔

ہر سال آموں کے موسم میں بیشمار دوستوں کو اپنی طرف سے اپنے آموں کے باغ سے آموں کی پیٹیاں تحفہ کے طور پر بھجواتے۔

رات کو دیر سے کلینک سے واپس لوٹتے تو سب سے پہلے مرکز کے مختلف شعبوں کی طرف سے آئے مہمانوں کا حال احوال پوچھتے اور بعض اوقات آنے والے مہمانوں کے ساتھ خود ضلع کے دورہ پر تشریف لے جاتے۔

مولا کریم مرحوم کو کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے۔

8 ستمبر کو جب دشمنوں نے اپنی نفرت کی آگ جلا کر اس عظیم اور محسن انسان کی زندگی کا چراغ گل کر دیا۔ تو یہ خبر آناً فاناً پاکستان کے طول و عرض کے علاوہ دنیا کے اکثر ممالک میں پھیل گئی کہ محترم ڈاکٹر عبدالمنان صاحب صدیقی راہ مولا میں قربان ہو کر مولا حقیقی سے جا ملے ہیں۔

میرپورخاص میں دو روز کے سوگ کا اعلان کیا گیا۔ جس میں ڈاکٹر صاحبان کی طرف سے ہڑتال بھی شامل تھی۔

زندگی کے تمام شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے سرکاری، سیاسی، غیر سیاسی اور سماجی شخصیات نے تعزیتی پیغامات بھجوائے اور قاتلوں کو کیفر کردار تک پہنچانے کا مطالبہ کیا۔

مرحوم ڈاکٹر صاحب کا جسد خاکی جب ربوہ پہنچا تو پورا شہر ان کے دیدار کے لئے دارالضیافت پہنچ گیا۔ ہر دیکھنے والا یہی کہہ رہا تھا کہ

کچھ خوف تھا چہرے پہ نہ تشویش ذرا تھی
ہر ایک ادا مظہر تسلیم و رضا تھی

مورخہ 10 ستمبر کو جب بیت مبارک میں نماز عصر کے بعد جنازہ ہوا تو ان کی بلندی درجات کی دعا کے لئے دور دراز سے لوگ بہت بڑی تعداد میں آئے تھے۔ زندگی کے ہر شعبہ سے تعلق رکھنے والے بڑے چھوٹے بچے جوان بوڑھے دکاندار، تاجر غرضیکہ کوئی شعبہ معاشرے کا ایسا نہ تھا جس کی طرف سے نماز جنازہ میں نمائندگی نہ ہوئی۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے مورخہ 12 ستمبر کا خطبہ تقریباً محترم ڈاکٹر صاحب کے اوصاف حمیدہ پر ارشاد فرمایا۔

دعا ہے کہ مولا کریم اپنے اس پیارے کو جنت الفردوس کے اعلیٰ مقام میں جگہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

حضرت میاں اسمٰعیل صاحب

امرتسری رفیق حضرت مسیح موعود

یکے از 313

بیعت: ابتدائی زمانہ میں

حضرت میاں محمد اسمٰعیل کا تعارف حضرت شیخ یعقوب علی صاحب عرفانی یوں لکھتے ہیں کہ۔

حضرت حافظ معین الدین صاحب (جو حضرت اقدس کے بہت ابتدائی خدام میں سے تھے) کے زمانہ کے قریب مرزا محمد اسماعیل بیگ صاحب بھی تھے جنہوں نے بعد میں قادیان میں ایک دکان بنائی تھی وہ حضرت صاحب کی خدمت میں رہا کرتے تھے۔ آپ کی بیعت ابتدائی زمانہ کی ہے۔

نوٹ:۔ حضرت اقدس مسیح موعود نے 313 رفقاء کی فہرست کے ساتھ ان کی سکونت کا ذکر فرمایا ہے۔ مگر چند رفقاء کی سکونت کا ذکر نہیں فرمایا بلکہ ان کے وطن مالوف کی نسبت کا ذکر فرمایا ہے۔ گمان غالب ہے کہ یہ لوگ اپنے حالات کے لحاظ سے قادیان میں ہی سکونت رکھتے تھے اور اپنے وطنوں کو چھوڑ کر حضرت اقدس مسیح موعود کے در پر دھونی رمائے بیٹھے تھے۔ اس لئے حضرت اقدس نے ان کی دلداری کے لئے ان کے وطن کا ذکر ان کے نام کے ساتھ مذکورہ فہرست میں کیا۔ مثلاً نمبر 75 پر جیسے حضرت شیخ مسیح اللہ صاحب شاہجہانپوری ہیں۔ اسی طرح حضرت میاں اسمٰعیل صاحب کے ساتھ امرتسری تحریر فرمایا ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں:۔

"ہر آدمی جو نیک نیتی سے کام کرے اس کا نتیجہ اللہ تعالیٰ دیتا ہے۔"

(مشعل راہ جلد دوم صفحہ 291)

مکرم حکیم محمود احمد طالب صاحب

ہیرے کے انتخاب کا طریقہ کار

ہیرا ایک ایسی چیز ہے جو صدیوں سے بطور جیولری استعمال ہوتا آیا ہے اور خاص کر عورتوں کی تو کمزوری ہے۔ مگر پہلے وقتوں میں ہیرے تک صرف نوابوں اور بادشاہوں کو ہی رسائی تھی مگر اب ہیرا تقریباً ہر آدمی کی پہنچ میں ہے۔ ہیرے کو اس سے ملتے جلتے چمکتے پتھروں سے غلط بھی سمجھا جا سکتا ہے۔ خبردار رہیئے کسی راستہ چلتے سائیکل والے سے کبھی ہیرا نہ خریدیئے۔ وہ اصلی نہیں ہوگا۔ اس کو پہچاننے کے لئے ماہر آنکھ اور بنیادی علم کا ہونا ضروری ہے۔

ہیرے زمین کے نیچے بہت گہرائی میں بنے ہیں اور ایک اندازے کے مطابق سو سے چار سو کلومیٹر کی گہرائی میں یہ ہیرے معرض وجود میں آئے اور زمین کے نیچے جو لاوا ایک طوفانی رفتار کے ساتھ زمین کے کمزور حصوں کو چیرتا ہوا سطح زمین کی طرف آیا تو راستے میں پڑے ان ہیروں کو اپنے اندر لپیٹ کر سطح زمین پر لے آیا۔ بعد میں اس مٹی کو جو لاوا کے ٹھنڈے ہونے کے بعد معرض وجود میں آئی اور جس میں یہ ہیرے جڑے رہ گئے اس کو Kimberlite کہا گیا ہے اس کا نام Kimberlite اس لئے پڑا کہ انڈیا کے بعد ساؤتھ افریقہ میں Kimberly کے مقام سے یہ مٹی دریافت ہوئی جس نے ڈائمنڈ کی تاریخ میں انقلاب برپا کر دیا اور اس مٹی کو Kimberlite کا نام دیا گیا ایک بات قابل ذکر ہے کہ یہ گیس اور آگ کا گولہ جو زمین کی تہہ سے سطح زمین کی طرف آیا اس کی رفتار تقریباً تیس سے سو کلومیٹر فی گھنٹہ تھی کہتے ہیں کہ اگر یہ طوفان کم رفتار سے آتا تو ہیرے کو اپنی ہیئت تبدیل کرنے کا موقع مل جاتا اور گریفائیٹ میں تبدیل ہو جاتا۔ یعنی ہیرا پھیری ہو جاتی اور ہیرا ہیرا نہ رہتا۔ بقول شاعر

پھول کی پتی سے کٹ سکتا ہے ہیرے کا جگر
مرد ناداں پہ کلام نرم و نازک بے اثر

ہیرے زمین میں اس طرح نہیں پائے جاتے کہ گئے اور مٹھی میں لے آئے۔ انہیں نکالنے کے لئے کافی پاپڑ بیلنے پڑتے ہیں ہاں کبھی کبھی خوش قسمتی سے ہیرے سامنے پڑے بھی مل جاتے ہیں۔ جیسا کہ افریقہ کے اکثر ملکوں میں عام لوگ غیر قانونی کھدائی کر کے ہیرے نکال لیتے ہیں۔

